آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے

04/05/2025 12.30 PM

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے قومی راجدھانی نئی دلی میں وزیراعظم نریندر مو دی سے ملاقات کر کے یوٹی کی نسبت سے حالیہ صورتحال کے علاوہ کئی اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ عمرعبداللہ نے وزیر اعظم کو خاص طور پر22اپریل کے پہلگام حملے کے بعد جموںو کشمیر کی ابھرتی صورتحال کے حوالے سے جانکاری دی۔

وزیر اعلیٰ نے وزیر اعظم کو اس واقعے کے بعد جموںو کشمیر کے عوام کی تشویش اور تشدد کے خلاف اُن کی اُکتا ہٹ کے بارے میں واقفیت دی۔ انہوں نے ساتھ ہی اس واقعے کی مذمت اور متاثرین کے ساتھ یکجہتی ظاہر کرنے کی غرض سے منعقد کئے گئے اسمبلی کے خصوصی اجلاس کے بارے میں بھی نریندر مودی کو بتایا۔

عدولی

پاکستانی فوج نے گذشتہ رات ایک بار پھر فائر بندی معاہدے کی عدولی کی ہے۔ تازہ واقعات میں پاکستانی فوج نے کپواڑہ ، بارہمولہ، پونچھ ، راجوری، مینڈھر ، نوشہرہ، سندری بنی اور اکھنور سیکٹروں میں لائن آف کنٹرول پر چھوٹے درجے کے ہتھیاروں سے بلا اشتعال فائرنگ کی۔

دفاعی ذرائع نے بتایا کہ بھارتی افواج نے بھی فائرنگ کا مناسب اورموثر جواب دیا۔

حج

کشمیر وادی سے عازمین کرام کی سفر محمود پر روانگی کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ آج سرینگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے سے عازمین کرام کو لینے والے پہلے جہاز نے مدینہ منورہ کےلئے براہ راست اُڑان بھری۔اس پرواز میں86خواتین اور92مرد عازمین کے ساتھ کُل178عازمین کرام روانہ ہو گئے۔

اس سے پہلے یہ عازمین کرام آج صبح سویرے حج ہاوس بمنہ پہنچے،جہاں کچھ ضروری لوازمات پورا کرنے کے بعد انہیں ائرپورٹ پہنچایا گیا ۔ ائر پورٹ پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سمیت دیگر کئی اعلیٰ حکام نے عازمین کرام کو اپنی دعاؤں کے ساتھ روانہ کیا۔

عازمین

حج ہاوس پہنچنے پر عازمین کرام ایک طرف سے خوش بھی تھے تو دوسری طرف وہ جذباتی بھی ہو گئے۔

حج عازمین نے حج کمیٹی کی طرف سے کئے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ حرمین شریفین میں عوام کی خوشحالی اور جموںو کشمیر میں قیام امن کےلئے دعا گو رہیں گے۔

جموںو کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایاکہ عازمین کرام کی روانگی کے سلسلے میں پہلے ہی تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔

عازمین کرام کی اگلی پرواز 7مئی کو اُڑان بھرے گی۔

Waves

Musicسے متعلق خبر---Waves اور اب

ممبئی میں جا ری ورلڈآڈیو ویژول سمٹ2025کا آج آخری دن ہے۔سمٹ کے آخری روز آج فلمسازی سے متعلق ماسٹر کلاسز اورثقافتی پروگرام جا ری ہیں۔

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ بھارت میڈیا اور تفریح کے شعبے میں دنیا کی قیادت کر سکتا ہے۔بالی ووڈ کے مشہور و معروف ادا کار عامر خان نے سمٹ Waves کے بارے میں تبصرہ کر تے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام محض ایک ڈائیلاگ نہیں بلکہ یہ پالیسی کےلئے ایک پُل کی مانند شاندار شروعات ہے۔

سمٹ بھارت کو// میڈیا، تفریح اور ڈیجیٹل اختراع کا ری// کے ایک عالمی مرکز کے طور پر Waves پیش کرنے کی غرض سے منعقد کیا گیا ہے۔

جا وید ڈار

زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے رفیع آباد زینہ گیر علاقوں کا دورہ کر کے وہاں جا ری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔

وزیر موصوف نے چند منصوبوں پر کام کی سست رفتاری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کام کے اعلیٰ معیارات کو برقرار رکھتے ہوئے انہیں مقررہ مدت کے اندر اندر مکمل کرے۔ انہوں نے بعد میں مقامی لوگوں کے مسائل بھی سنے۔

بانڈی پورہ

ضلع بانڈی پورہ سے تعلق رکھنے والے ارکان اسمبلی نے ضلع کی مجموعی تعمیر و ترقی کو یقینی بنانے کےلئے منی سیکریٹریٹ میں ایک مشترکہ میٹنگ کی صدارت کی، جس میں مالی سال 2025-26 کےلئے کیپکس پلان کو مرتب کئے جانے پر غور و خوض کیا گیا۔

اس موقعے پر ایم ایل اے بانڈی پورہ نظام الدین بٹ، ایم ایل اے سوناواری ہلال اکبر لون اور MLA گریز نذیر احمد خان نے اپنے اپنے حلقوں میں عوامی اہمیت کے حامل مجوزہ منصوبوں پر کام کرنے کی ضرورت نیز سرکار کی مختلف فلاحی سکیموں کی موثر عمل آور ی پر زور دیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ